F. 6-4 (Edit) /2017 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

logo NCPUL.JPG not found.

jk"Vh; mnZ Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: editor@ncpul.in
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 16/03/2017

ہندوستان میں اردو کے فروغ کا سب سے زیادہ کام ہو رہا ہے: ڈاکٹر مہیندر ناتھ پانڈے
حکومت ہند قومی اردو کونسل کے کاموں سے خوش ہے: پروفیسر ارتضیٰ کریم
ہوٹل اشوک میں عالمی اردو کانفرنس کے تناظر میں ایک اہم میٹنگ کا انعقاد

نئی دہلی: اردو ہمارے لیے بے حد میٹھی زبان رہی ہے اور اسے گنگا جمنی تہذیب کا علمبردار کہا جاتا ہے۔ یہ زبان اسی ملک میں پیدا ہوئی ہے اور اس نے ہمیشہ ملک میں جوڑنے کا کام کیا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ اس ملک میں اردو زبان کو ہمیشہ سے اہمیت حاصل رہی ہے اور عدالتوں کی زبان بھی اردو ہی رہی ہے۔ آج بھی یہ زبان پورے ملک میں بولی اور سمجھی جاتی ہے اور اردو زبان کی ترویج و اشاعت اور اس کے فروغ کا سب سے زیادہ کام ہمارے ملک میں ہی ہو رہا ہے۔ ان خیالات کا ظہار وزیر مملکت برائے فروغ انسانی وسائل ڈاکٹر مہیندر ناتھ پانڈے نے کل سے شروع ہونے والی عالمی اردو کانفرنس کے تناظر میں ہوٹل اشوک میں منعقدہ ایک اہم میٹنگ میں کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ ہمیں نہ صرف یہ کہ اردو کو اسکولوں اور کالج کی سطح پر ترقی دینے کی ضرورت ہے بلکہ مدارس کو بھی نئے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ اس موقع پر قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم نے وزیر موصوف کا گلدستے سے استقبال کیا اور کونسل کی اس کانفرنس کا مجوزہ خاکہ پیش کیا۔ کل کی اس کانفرنس میں 20 ممالک کے تقریباً 30 مندوبین شرکت کر رہے ہیں۔ اس میٹنگ میں برطانیہ، سعودی عرب، ترکی، ماریشس، کناڈا وغیرہ سے تشریف لائی شخصیات بھی موجود تھیں۔ سبھی نے وزیر موصوف سے مل کر خوشی کا اظہار کیا اور اپنے اپنے ممالک میں اردو کی صورتحال پر گفتگو کی۔

اس میٹنگ میں کونسل کے ممبران کے علاوہ کونسل کے اسٹاف بھی موجود تھے۔

(رابطہ عامہ سیل)